# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 01 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: یکم/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیراعظم نریندر مودی کی موجودگی میں آج پولس محکمے کے IGs اور DIGs کی کانفرنس کا بھونیشور میں اختتام۔

☆ آئندہ 5/دسمبر کو مہایوتی حکومت کی حلف برداری، وزیراعظم کریں گے شرکت۔

☆ ریاستی اسمبلی کا انتخابی عمل شفاف تھا، انتخابی کمیشن کا دعویٰ۔

☆ کانگریس کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل پر تبادلہ خیال کے لیے کمیشن تیار۔

☆ پی وی سندھو اور لکشیہ سین، سید مودی بین الاقوامی بیڈمنٹن مقابلوں کے فائنل میں۔

☆ ریاست میں سردی کی لہر کے مزید دو دن رہنے کی محکمہ موسمیات کی پیش گوئی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

پولس محکمے کے ڈائریکٹرس جنرلس اور انسپکٹر جنرلس کی کل ہند کانفرنس آج وزیراعظم نریندر مودی کی موجودگی میں اڑیشہ کے بھونیشور میں اختتام پذیر ہو رہی ہے۔ اس کانفرنس میں تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے DIGs کے ساتھ سینٹرل ریزرو پولس فورس، Raw، نیشنل سیکوریٹی فورس، این ایس جی، محکمہ خفیہ اور SPG کے سربراہان شریک ہیں۔ اس کانفرنس میں داخلی سلامتی، سائبر کرائم، نکسلیت، ڈرون کے ابھرتے ہوئے خطرات اور دہشت گردی کا مقابلہ کرنے جیسے اہم مسائل پر تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں نو منتخب مہایوتی کی حکومت کی حلف برداری تقریب آئندہ 5 دسمبر کو منعقد ہوگی۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باون کڑے نے کل ایک ٹویٹ کے ذریعے یہ اطلاع دی۔ انہوں نے بتایا کہ نئی حکومت کی حلف برداری آئندہ 5/دسمبر کو شام 5 بجے ممبئی کے آزاد میدان میں ہوگی۔ باون کڑے نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کا عمل مکمل طور پر شفاف تھا۔ اس کے باوجود مرکزی انتخابی کمیشن نے 3/دسمبر کو کانگریس کی جانب سے اٹھائے گئے معقول نکات پر بحث کے لئے کانگریس پارٹی کو دعوت دی ہے۔ اس سے قبل کانگریس نے انتخابی کمیشن کو خط لکھ کر انتخابی عمل پر شکوک وشبہات کا اظہار کیا تھا۔ اپنے عبوری جواب میں کمیشن نے وضاحت کی کہ رائے دہی کے فی صد میں کوئی تضاد نہیں ہے اور کہا کہ انتخابی مراکز کی تفصیلات

سمیت متعلقہ معلومات تمام امیدواروں کے پاس موجود ہے۔

کمیشن نے کہا کہ اس کی تصدیق بھی کی جاسکتی ہے اور پولنگ ڈیٹا کے حوالے سے میڈیا کے لئے مکتوب بھی جاری کردیا گیا ہے۔

***** **** *****

سینئر لیڈر شرد پوار نے تنقید کی ہے کہ ملک میں پارلیمانی جمہوریت کی صحیح طریقے سے پیروی نہیں ہو رہی ہے۔ پوار کل پونے میں صحافیوں سے بات کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی نتائج کے بعد عوام میں بے چینی ہے اور ایسا ملک میں پہلی بار ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ای وی ایم کے بارے میں شکوک وشبہات ہیں۔ لیکن کوئی ٹھوس ثبوت نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چند امیدواروں نے دوبارہ ووٹوں کی گنتی کا مطالبہ کیا ہے۔ تاہم اس سے کوئی نتیجہ نکلنے کی امید نہیں ہے۔

***** **** *****

ناگپور سینٹرل اسمبلی حلقے سے کانگریس کے امیدوار رشی کیش عرف بنٹی شیڑ کے کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ کہا گیا ہے کہ ریاستی صدر نانا پٹولے پر لگائے گئے جھوٹے الزامات کے سلسلے میں انہیں معطل کیوں نہ کیا جائے۔ شیلکے کو دو دنوں میں وضاحت کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ اگر دو دنوں میں جواب نہ دیا گیا تو براہ راست کاروائی کی جائے گی۔

***** **** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے لیڈر اور قانون ساز کونسل میں حزب اختلاف کے رہنما امبا داس دانوے نے اپنی پارٹی کے عہدیداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ انتخابات میں ناکامی سے مایوس نہ ہوں بلکہ دگنی طاقت کے ساتھ آئندہ کی تیاری کریں۔ موصوف کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ضلع کے مختلف اسمبلی حلقوں سے آئے پارٹی عہدیداران سے مخاطب تھے۔ دانوے نے کہا کہ وہ اس وقت تک چین سے نہ بیٹھیں جب تک پارٹی کی تنظیمی طاقت بڑھا کر اسے اقتدار میں نہ لے آئیں۔

***** **** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہے۔

***** **** *****

مرکزی وزارت صحت کی سیکریٹری پنیہ سلیہ شری واستو نے ہدایت دی ہے کہ سانپ کے کاٹنے کے معاملات کو بھی قابل ذکر بیماریوں کے زمرے میں شامل کیا جائے۔ اس سلسلے میں انہوں نے کل تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری اور چیف سیکریٹری کو خط لکھ کر یہ ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ سانپ کا کاٹنا ایک سنگین معاملہ ہے اور 2030 تک اس سے ہونے والی اموات کی تعداد کو نصف سے بھی کم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

***** **** *****

نومبر کے مہینے کو اطفال وخواتین کی بہبود کے محکمے کی جانب سے بین الاقوامی گود لینے کے مہینے کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس مناسبت سے ہنگولی ضلع کے کلمنوری اور اکھاڑہ بالا پور علاقوں کے پولس اسٹیشنز، بس اسٹینڈ اور ضلع کے ذیلی اسپتالوں میں عوامی بیداری کے پروگرامس کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر بچوں کو گود لینے کے قانونی طریقہ کار سے خواہش مند والدین کو آگاہ کیا گیا۔ اسی بیچ ضلع میں بچوں کی حفاظت پر مامور افسر

سرسوتی کورڈے نے عوام سے اپیل کی ہے کہ اگرانہیں کوئی لاوارث یا یتیم بچے کی اطلاع ملے تو فوری طور ضلع کے خواتین واطفال دفتر سے رابطہ کریں۔

***** ***** *****

نرمدا بچاؤ تحریک کی کارکن اور جن آندولن کی قومی رابطہ کار میدھا پاٹکر نے مطالبہ کیا ہے کہ کسانوں کی پیداوار کی قیمت سوامی ناتھن کمیشن کے مطابق طے کیا جائے۔انہوں نے یہ مطالبہ کل چھترپتی سمبھا جی نگر کے مہاتما گاندھی بھون میں کسانوں اور مزدوروں سے بات کرتے ہوئے کیا۔ پاٹکر نے کہا کہ زرعی پیداوار کی قیمت طے کرتے وقت کسانوں کے خاندان کی محنت کو مدنظر رکھا جائے،محنت کی قدر کی جائے اور اس کے وقار کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔انہوں نے محنت کشوں کی تنظیموں کے کارکنان سے قانون کا مطالعہ کرنے کی ضرورت کا بھی اظہار کیا۔

***** ***** *****

سینئر کارکن ڈاکٹر بابا آڑھاؤ کی بھوک ہڑتال کی حمایت میں کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں محنت کشوں کی تنظیموں کی جانب سے ایک روزہ بھوک ہڑتال کی گئی۔ بابا آڑھاؤ نے کل سابق وزیراعلیٰ ادھوٹھاکرے کے ہاتھوں پانی پی کر اپنی بھوک ہڑتال ختم کی۔اسی بیچ نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے بھی بابا آڑھاؤ سے بھوک ہڑتال کے مقام پر ملاقات کی۔دوسری جانب پوار نے حزب اختلاف کے تمام الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ لوک سبھا انتخابات میں مہایوتی کے امیدواروں کو شکست ہوئی اس وقت کسی نے ای وی ایم پر سوال نہیں اٹھایا۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے اکھیل بھارتیہ مراٹھی ساہتیہ پریشد کی جانب سے دلی میں منعقد ہونے والے 98ویں کل ہند مراٹھی ساہتیہ سمیلن میں شرکت کے لیے خصوصی ٹرین کا انتظام کیا ہے۔ یہ ٹرین پونے سے روانہ ہوگی۔مرکزی وزیر مرلی دھر موہول نے اس کی اطلاع دی۔ یہ ادبی کانفرنس 21 تا23 فروری کے دوران منعقد ہوگی۔

***** ***** *****

دھاراشیو تلجاپور،شولاپور راستے کی تعمیر کے کام میں تیزی آ گئی ہے۔اس روٹ کے پہلے مرحلے میں دھاراشیو۔تلجاپور کے درمیان 8 کلومیٹر کا کام تیزی سے ہو رہا ہے۔اس روٹ پر کل 50 چھوٹے بڑے پل تعمیر کئے جا رہے ہیں۔وہیں دوسری جانب رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے بتایا کہ شولاپور۔ دھولیہ قومی شاہراہ پر 106 میٹر طویل پل تعمیر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

عالمی درجہ بندی میں اول مقام پر فائز بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو نے کل خواتین کے سنگلز میں سید مودی انٹرنیشنل بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا۔سیمی فائنل میں انہوں نے اننتی ہڈا کو صرف 35 منٹس میں 12-21 اور 9-21 سے شکست دے دی۔فائنل میں اب سندھو کا مقابلہ تھائی لینڈ کی وولواویو سے ہوگا۔وہیں دوسری جانب ٹریسہ جولی اور گوپی چند کی جوڑی ومین ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔اس جوڑی نے تھائی لینڈ کی بینیا ایمسارڈ اور ننتا کام ایمسازڈ کی جوڑی کو شکست دیدی۔

وہیں اسی ٹارنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلے کے سیمی فائنل میں لکشیہ سین نے جاپان کے شوگو اوگاوا کو 8-21 ,14-21 سے ہرایا۔فائنل میں اب لکشیہ سین کا مقابلہ سنگاپور کے جیہ ہینگ جیسن تے سے ہوگا۔اسی طرح مکسڈ ڈبلز مقابلے میں بھارت کی دھروکپلا اور تنشہ کریسٹو نے چین کی ذھواوذہی ہونگ اور یینگ جیالی کی جوڑی کو شکست دے کر فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔

ریاست میں آج کل سردی کی شدید لہر چل رہی ہے۔ پونے ناسک اور اہلیہ نگر اضلاع میں بہت زیادہ اولے پڑ رہے ہیں۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ آئندہ دو دنوں کے دوران بعض اضلاع میں سردی کی لہر شدت اختیار کرے گی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کی موجودگی میں آج پولس محکمے کے IGs اور DIGs کی کانفرنس کا بھونیشور میں اختتام۔

☆ آئندہ 5 ردسمبر کو مہایوتی حکومت کی حلف برداری، وزیر اعظم کریں گے شرکت۔

☆ ریاستی اسمبلی کا انتخابی عمل شفاف تھا، انتخابی کمیشن کا دعویٰ۔

☆ کانگریس کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل پر تبادلہ خیال کے لیے کمیشن تیار۔

☆ پی وی سندھو اور لکشیہ سین, سید مودی بین الاقوامی بیڈمنٹن مقابلوں کے فائنل میں۔

☆ ریاست میں سردی کی لہر کے مزید دو دن رہنے کی محکمہ موسمیات کی پیش گوئی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****